وَمَا تَوْفِيْقِيْٓ اِلَّا بِاللّٰهِ ؕ

عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَاِلَيْهِ اُنِيْبُ ﴿۸۸﴾ [سورۂ ہود:۸۸]

توفیق تو اللہ ہی سے ملے گی، اُسی پر میں نے بھروسہ کیا ہے اور اُسی کی طرف میں رجوع کرتا ہوں۔

# مَنزِل

ریاض القرآن کے ترجمہ اور الگ الگ

رسم الخط کے بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ کے ساتھ

اللہ کی رضا کا طالب

محمد یونس
ابن حضرت مولانا
محمد عمر صاحب
پالنپوری

لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ سُبْحَانَكَ إِنِّي كُنْتُ مِنَ الظَّالِمِينَ

# منزل کے خواص

منزل آسیب، سحراور بعض دوسرے خطرات سے حفاظت کے لئے ایک مجرّب عمل ہے۔

القول الجمیل میں حضرت شاہ ولی اللہ قُدِّسَ سِرُّہ تحریر فرماتے ہیں: "یہ تینتیس آیات ہیں، جو جادو کے اثر کو رفع کرتی ہیں اور شیاطین، چوروں اور درندے جانوروں سے پناہ ہو جاتی ہے"۔

بہشتی زیور میں حضرت تھانوی نور اللہ مرقدہٗ تحریر فرماتے ہیں، "اگرکسی پر آسیب کا شبہ ہو تو آیات ذیل لکھ کرمریض کے گلے میں ڈال دیں اور پانی پر دم کر کے مریض پر چھڑک دیں اور اگر گھر میں اثر ہو تو پانی پر اِن آیات (منزل) کو پڑھ کر گھر کے چاروں گوشوں میں چھڑک دیں"۔

حصن حصین میں ہے کہ جو شخص سورۂ کافرون، سورۂ نصر، سورۂ اخلاص، سورۂ فلق اورسورۂ ناس بِسۡمِ اللّٰہِ..سے شروع کرے اور بِسۡمِ اللّٰہِ..پر ختم کرے، یعنی سورۂ ناس کے بعد بِسۡمِ اللّٰہِ.. پڑھے تو اس شخص کے کاروبار اورسفر میں آسانیاں پیدا ہوتی ہیں اور وہ خوش حال ہوجاتا ہے۔ [ابویعلیٰ، عن جبیر، بحوالہ حصن حصین]

# بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے ○

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ ۙ﴿۱﴾
سب تعریف اللہ کے لیے ہے جو سارے جہان کا مالک ہے ﴿۱﴾

الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۙ﴿۲﴾ مٰلِكِ
بہت مہربان نہایت رحم والا ہے ﴿۲﴾ انصاف کے

یَوۡمِ الدِّیۡنِ ؕ﴿۳﴾ اِیَّاكَ نَعۡبُدُ
دن کا مالک ہے ﴿۳﴾ ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں

وَ اِیَّاكَ نَسۡتَعِیۡنُ ؕ﴿۴﴾ اِهۡدِنَا
اور تجھ ہی سے مدد چاہتے ہیں ﴿۴﴾ ہم کو

الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِیۡمَ ۙ﴿۵﴾ صِرَاطَ
سیدھا راستہ دکھا ﴿۵﴾ ان لوگوں کا راستہ

الَّذِیۡنَ اَنۡعَمۡتَ عَلَیۡهِمۡ ۙ۵
جن پر تو نے فضل کیا ﴿۶﴾

غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ

ان کا راستہ نہیں جن پر تیرا غضب ہوا، اور نہ ان لوگوں کا راستہ

وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝۷ ع

جو راستے سے بھٹک گئے ۝۷

بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے ۝

الٓمّٓ ۝۱ ج ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ ۚۛ صلے

الٓمّٓ ۝۱ یہ اللہ کی کتاب ہے ، اس میں کوئی شک نہیں ،

فِيْهِ ۚۛ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ ۝۲ لا

راہ دکھاتی ہے ، ڈر رکھنے والوں کو ۝۲

الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ

جو یقین کرتے ہیں بن دیکھے ،

وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَ مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ

اور نماز قائم کرتے ہیں، اور جو کچھ ہم نے اُن کو دیا ہے اُس میں

يُنۡفِقُوۡنَ ۝٣ۙ وَالَّذِيۡنَ يُؤۡمِنُوۡنَ
سے خرچ کرتے ہیں ۝٣ اور جو اُس (وحی) پر بھی ایمان لاتے ہیں

بِمَآ اُنۡزِلَ اِلَيۡكَ وَمَآ اُنۡزِلَ
جو آپ پر اُتاری گئی اور اُس پر بھی جو آپ سے

مِنۡ قَبۡلِكَ ۚ وَبِالۡاٰخِرَةِ هُمۡ
پہلے اُتاری گئی اور آخرت پر وہ مکمل

يُوۡقِنُوۡنَ ۝٤ؕ اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنۡ
یقین رکھتے ہیں ۝٤ اُنہیں لوگوں نے اپنے

رَّبِّهِمۡ ۖ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الۡمُفۡلِحُوۡنَ ۝٥
رب کی راہ پائی ہے اور وہی کامیابی کو پہونچنے والے ہیں ۝٥

وَ اِلٰهُكُمۡ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ لَآ اِلٰهَ
اور تمہارا معبود ایک ہی معبود ہے ، اُس کے سوا

اِلَّا هُوَ الرَّحۡمٰنُ الرَّحِيۡمُ ۝١٦٣ع
کوئی معبود نہیں ، وہ بڑا مہربان ، نہایت رحم والا ہے ۝١٦٣

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ج اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ج ۵

اللہ وہ ہے کہ اُس کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ زندہ ہے، سب کا تھامنے والا ہے،

لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ط لَهٗ

اُسے نہ اُونگھ آتی ہے اور نہ ہی نیند ، اُسی

مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ط

کا ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے،

مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗۤ

کون ہے جو اُس کے پاس اُس کی اجازت کے بغیر

اِلَّا بِاِذْنِهٖ ط یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ

سفارش کرے، وہ جانتا ہے جو کچھ اُن کے آگے ہے

وَ مَا خَلْفَهُمْ ج وَ لَا یُحِیْطُوْنَ

اور جو کچھ اُن کے پیچھے ہے، اور وہ اُس کے

بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ ج

علم میں سے کسی چیز کا اِحاطہ نہیں کر سکتے مگر وہ جو چاہے ،

وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ج

اُس کی حکومت آسمانوں اور زمین پر چھائی ہوئی ہے،

وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ج وَهُوَ الْعَلِيُّ

وہ تھکتا نہیں ہے اُن کے تھامنے سے،اور وہی ہے بلندمرتبہ والا،

الْعَظِيْمُ ﴿٢٥٥﴾ لَآ اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ ج

عظمت والا ﴿٢٥٥﴾ دین کے معاملہ میں کوئی زبردستی نہیں،

قَدْ تَّبَيَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَيِّ ج

ہدایت گمراہی سے الگ ہو چکی ہے،

فَمَنْ يَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ وَ يُؤْمِنْۢ

پس جو شخص شیطان کا انکار کرے اور اللہ پر

بِاللّٰهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ

ایمان لائے اُس نے مضبوط حلقہ پکڑ لیا

الْوُثْقٰى ج لَا انْفِصَامَ لَهَا ط وَاللّٰهُ

جو ٹوٹنے والا نہیں، اور اللہ

سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿٢٥٦﴾ اَللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ

سُننے والا، جاننے والا ہے ﴿٢٥٦﴾ اللہ کام بنانے والا ہے

اٰمَنُوْا يُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ

ایمان والوں کا، وہ اُن کو اندھیروں سے نکال کر

اِلَى النُّوْرِ ۬ؕ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا

اُجالے کی طرف لاتا ہے، اور جن لوگوں نے انکار کیا

اَوْلِيٰٓـــُٔهُمُ الطَّاغُوْتُ يُخْرِجُوْنَهُمْ

اُن کے دوست شیطان ہیں، وہ اُن کو

مِّنَ النُّوْرِ اِلَى الظُّلُمٰتِ ؕ اُولٰٓئِكَ

اُجالے سے نکال کر اندھیروں کی طرف لے جاتے ہیں، یہ

اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿٢٥٧﴾ ع

آگ میں جانے والے لوگ ہیں، وہ اُس میں ہمیشہ رہیں گے ﴿٢٥٧﴾

لِلّٰهِ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الْاَرْضِ ؕ

اللہ کا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو زمین میں ہے،

وَ اِنْ تُبْدُوْا مَا فِیْٓ اَنْفُسِكُمْ
تم اپنے دل کی باتوں کو ظاہر کرو

اَوْ تُخْفُوْهُ یُحَاسِبْكُمْ بِهِ اللّٰهُ ؕ
یا چُھپاؤ، اللہ تم سے اُس کا حساب لے گا،

فَیَغْفِرُ لِمَنْ یَّشَآءُ وَیُعَذِّبُ مَنْ
پھر جس کو چاہے گا بخشے گا اور جس کو چاہے گا سزا

یَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ٢٨٤
دے گا، اور اللہ ہر چیز پر قُدرت والا ہے ٢٨٤

اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَیْهِ مِنْ
رسول ایمان لائے ہیں اُس پر جو اُن کے رب کی طرف سے اُن پر

رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ؕ كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ
اُترا ہے اور مسلمان بھی اُس پر ایمان لائے ہیں، سب ایمان لائے ہیں اللہ پر

وَ مَلٰٓئِكَتِهٖ وَ كُتُبِهٖ وَ رُسُلِهٖ قف
اور اُس کے فرشتوں پر اور اُس کی کتابوں پر اور اُس کے رسولوں پر،

لَا نُفَرِّقُ بَيۡنَ اَحَدٍ مِّنۡ رُّسُلِهٖ ۟ قف

ہم اُس کے رسولوں میں سے کسی کے درمیان فرق نہیں کرتے ،

وَقَالُوۡا سَمِعۡنَا وَ اَطَعۡنَا غُفۡرَانَكَ

اور وہ کہتے ہیں کہ ہم نے سُنا اور مانا، ہم آپ کی بخشش چاہتے ہیں ،

رَبَّنَا وَاِلَيۡكَ الۡمَصِيۡرُ ﴿۲۸۵﴾ لَا يُكَلِّفُ

اے ہمارے رب! اور آپ ہی کی طرف لوٹنا ہے ﴿۲۸۵﴾ اللہ کسی پر

اللّٰهُ نَفۡسًا اِلَّا وُسۡعَهَا ؕ لَهَا

ذمہ داری نہیں ڈالتا مگر اُس کی طاقت کے مطابق ہی ، اُس کو

مَا كَسَبَتۡ وَعَلَيۡهَا مَا اكۡتَسَبَتۡ ؕ

ملے گا وہی جو اُس نے کمایا اور اُس پر پڑے گا وہی جو اُس نے کیا،

رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذۡنَاۤ اِنۡ نَّسِيۡنَاۤ اَوۡ

اے ہمارے پروردگار ! ہمیں نہ پکڑیں اگر ہم بھولیں یا

اَخۡطَاۡنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تَحۡمِلۡ عَلَيۡنَاۤ

ہم غلطی کر جائیں ، اے ہمارے رب ! ہم پر بوجھ نہ ڈالیے

اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ

جس طرح آپ نے ڈالا تھا ہم سے اگلے لوگوں پر،

قَبْلِنَا ج رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ

اے ہمارے رب ! ہم سے وہ نہ اُٹھوایئے جس کی طاقت

لَنَا بِهٖ ج وَاعْفُ عَنَّا وقفة وَاغْفِرْ لَنَا وقفة

ہم کو نہیں ہے، اور درگزر فرمایئے ہم سے، اور ہم کو بخش دیجیے،

وَارْحَمْنَا وقفة اَنْتَ مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا

اور ہم پر رحم فرمایئے، آپ ہی ہمارے کارساز ہیں، پس انکار کرنے والوں

عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿٢٨٦﴾ ع شَهِدَ اللّٰهُ

کے مقابلہ میں ہماری مدد کیجیے ﴿٢٨٦﴾ اللہ کی گواہی ہے

اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ لا وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَاُولُوا

اور فرشتوں کی اور اہلِ علم کی کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں،

الْعِلْمِ قَآئِمًا بِالْقِسْطِ ط لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ

وہ قائم رکھنے والا ہے انصاف کا، اُس کے سوا کوئی معبود نہیں،

الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۱۸﴾ قُلِ اللّٰهُمَّ

وہ زبردست ہے، حکمت والا ہے ﴿۱۸﴾ (اے نبی) آپ کہیے کہ

مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَاءُ

اے اللہ! آپ سلطنت کے مالک ہیں، آپ جسے چاہیں سلطنت سے نوازیں

وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَاءُ ز وَتُعِزُّ

اور جس سے چاہیں سلطنت چھین لیں، اور آپ جسے

مَنْ تَشَاءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَاءُ ط

چاہیں عزّت دیں اور جسے چاہیں ذلیل کر دیں،

بِيَدِكَ الْخَيْرُ ط اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ

آپ ہی کے ہاتھ میں ہیں سب خوبی، بے شک آپ ہر چیز پر

قَدِيْرٌ ﴿۲۶﴾ تُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَتُوْلِجُ

قادر ہیں ﴿۲۶﴾ آپ ہی رات کو دن میں داخل کرتے ہیں، اور

النَّهَارَ فِي الَّيْلِ ز وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ

دن کو رات میں داخل کرتے ہیں، اور آپ ہی بے جان سے

الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ ز

جاندار کو پیدا کرتے ہیں اور جاندار سے بے جان کو نکالتے ہیں،

وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝۲۷

اور آپ جسے چاہتے ہیں بے حساب رزق عطا فرماتے ہیں ۝۲۷

اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِىْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ

بے شک تمہارا رب وہی اللہ ہے جس نے آسمانوں

وَالْاَرْضَ فِىْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى

اور زمین کو چھ دِنوں میں پیدا کیا پھر وہ عرش پر

عَلَى الْعَرْشِ قف يُغْشِى الَّيْلَ النَّهَارَ

قائم ہوا، وہ اُڑھاتا ہے رات کو دن پر اس طرح کہ دن اُس کے

يَطْلُبُهٗ حَثِيْثًا لا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ

پیچھے لگا آتا ہے دوڑتا ہوا، اور (اُس نے پیدا کیے) سورج اور چاند

وَالنُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍ م بِاَمْرِهٖ ط اَلَا لَهُ

اور ستارے جو تابع دار ہیں اُس کے حکم کے، یاد رکھو! اُسی کا

الْخَلْقُ وَ الْاَمْرُ ؕ تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ

کام ہے پیدا کرنا اور حکم کرنا، بڑی برکت والا ہے اللہ جو رب ہے

الْعٰلَمِیْنَ ﴿۵۴﴾ اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا

سارے جہانوں کا ﴿۵۴﴾ اپنے رب کو پکارو گڑگڑاتے ہوئے

وَّ خُفْیَةً ؕ اِنَّهٗ لَا یُحِبُّ الْمُعْتَدِیْنَ ﴿۵۵﴾ ج

اور چپکے چپکے، یقیناً وہ حد سے گزرنے والوں کو پسند نہیں کرتا ﴿۵۵﴾

وَلَا تُفْسِدُوْا فِی الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا

اور زمین میں فساد نہ کرو اُس کی اصلاح کے بعد

وَادْعُوْهُ خَوْفًا وَّ طَمَعًا ؕ اِنَّ رَحْمَتَ

اور اُسی کو پکارو خوف اور اُمید کے ساتھ، یقیناً اللہ کی

اللّٰهِ قَرِیْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِیْنَ ﴿۵۶﴾ قُلِ

رحمت نیک کام کرنے والوں سے قریب ہے ﴿۵۶﴾ کہیے کہ

ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ ؕ

چاہے اللہ کہہ کر پکارو یا پھر رحمٰن کہہ کر پکارو،

اَيًّا مَّا تَدۡعُوۡا فَلَهُ الۡاَسۡمَآءُ الۡحُسۡنٰى ۚ

جس نام سے بھی پکارو اُس کے لیے سب اچھے نام ہیں،

وَلَا تَجۡهَرۡ بِصَلَاتِكَ وَلَا تُخَافِتۡ

اور آپ اپنی نماز نہ بہت پکار کر پڑھیں اور نہ بالکل

بِهَا وَابۡتَغِ بَيۡنَ ذٰلِكَ سَبِيۡلًا ﴿۱۱۰﴾

چپکے چپکے پڑھیں اور دونوں کے درمیان کا طریقہ اختیار کریں ﴿۱۱۰﴾

وَقُلِ الۡحَمۡدُ لِلّٰهِ الَّذِىۡ لَمۡ يَتَّخِذۡ

اور کہیے کہ تمام خوبیاں اُس اللہ کے لیے ہیں جو نہ اولاد

وَلَدًا وَّلَمۡ يَكُنۡ لَّهٗ شَرِيۡكٌ فِى الۡمُلۡكِ

رکھتا ہے اور نہ بادشاہی میں کوئی اُس کا شریک ہے

وَلَمۡ يَكُنۡ لَّهٗ وَلِىٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرۡهُ

اور نہ کمزوری کی وجہ سے اُس کا کوئی مددگار ہے، اور آپ اُس کی خوب

تَكۡبِيۡرًا ﴿۱۱۱﴾ ع اَفَحَسِبۡتُمۡ اَنَّمَا خَلَقۡنٰكُمۡ

بڑائی بیان کیجیے ﴿۱۱۱﴾ پس کیا تم یہ خیال کرتے ہو کہ ہم نے تم کو بے مقصد

عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ﴿١١٥﴾

پیدا کیا ہے اور تم ہمارے پاس نہیں لائے جاؤ گے ﴿١١٥﴾

فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ج

پس بہت برتر ہے اللہ جو حقیقی بادشاہ ہے،

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ج رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ﴿١١٦﴾

اُس کے سِوا کوئی معبود نہیں، وہ مالک ہے عرشِ عظیم کا ﴿١١٦﴾

وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰـهًا اٰخَرَ لا

اور جو شخص اللہ کے ساتھ کسی اور معبود کو پُکارے

لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ لا فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ

جس کے حق میں اُس کے پاس کوئی دلیل نہیں تو اُس کا حساب

عِنْدَ رَبِّهٖ ط اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿١١٧﴾

اُس کے رب کے پاس ہے، بے شک منکِروں کو کامیابی نہیں ملے گی ﴿١١٧﴾

وَ قُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَ اَنْتَ

اور کہہ دیجیے کہ اے میرے رب! مجھے بخش دیجیے اور مجھ پر رحم فرمائیے اور

خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿١١٨﴾ ع

آپ بہترین رحم فرمانے والے ہیں ﴿١١٨﴾

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے ○

وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا ﴿١﴾ لا فَالزّٰجِرٰتِ

قسم ہے قطار در قطار صف باندھنے والے فرشتوں کی ﴿١﴾ پھر ڈانٹنے والوں کی

زَجْرًا ﴿٢﴾ لا فَالتّٰلِيٰتِ ذِكْرًا ﴿٣﴾ لا اِنَّ اِلٰهَكُمْ

جھڑک کر ﴿٢﴾ پھر اُن کی جو نصیحت سُنانے والے ہیں ﴿٣﴾ کہ تمہارا معبود

لَوَاحِدٌ ﴿٤﴾ ط رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

ایک ہی ہے ﴿٤﴾ آسمانوں اور زمین کا رب

وَمَا بَيْنَهُمَا وَرَبُّ الْمَشَارِقِ ﴿٥﴾ ط اِنَّا

اور جو کچھ اُن کے درمیان ہے اور سارے مشرقوں کا رب ﴿٥﴾ ہم

زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِزِيْنَةِ نِ

نے آسمانِ دنیا کو ستاروں کی زینت سے

الْكَوَاكِبِ ﴿٦﴾ وَ حِفْظًا مِّنْ كُلِّ

سجایا ہے ﴿٦﴾ اور ہر سرکش شیطان سے

شَيْطٰنٍ مَّارِدٍ ﴿٧﴾ لَا يَسَّمَّعُوْنَ اِلَى

اُس کو محفوظ کیا ہے ﴿٧﴾ وہ ملاءِ اعلیٰ کی طرف

الْمَلَاِ الْاَعْلٰى وَ يُقْذَفُوْنَ مِنْ كُلِّ

کان نہیں لگا سکتے اور وہ ہر طرف سے مارے

جَانِبٍ ﴿٨﴾ دُحُوْرًا وَّلَهُمْ عَذَابٌ

جاتے ہیں ﴿٨﴾ بھگانے کے لیے، اور اُن کے لیے ایک دائمی

وَّاصِبٌ ﴿٩﴾ اِلَّا مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَةَ

عذاب ہے ﴿٩﴾ مگر جو شیطان کوئی بات اچک لے

فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ ثَاقِبٌ ﴿١٠﴾ فَاسْتَفْتِهِمْ

تو ایک دہکتا ہوا شعلہ اُس کا پیچھا کرتا ہے ﴿١٠﴾ پس اُن سے پوچھیے کہ

اَهُمْ اَشَدُّ خَلْقًا اَمْ مَّنْ خَلَقْنَا ؕ

اُن کی پیدائش زیادہ مشکل ہے یا اُن چیزوں کی جو ہم نے پیدا کی ہیں؟

اِنَّا خَلَقْنٰهُمْ مِّنْ طِيْنٍ لَّازِبٍ ⑪

ہم نے اُن کو چپکتی مٹی سے پیدا کیا ہے ⑪

يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَ الْاِنْسِ اِنِ

اے جنات اور انسان کے گروہ ! اگر

اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ

تم سے ہو سکے کہ تم آسمانوں اور زمین

السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ فَانْفُذُوْا ؕ

کی حدود سے نکل جاؤ تو نکل جاؤ،

لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ ۚ ۳۳ فَبِاَيِّ

تم نہیں نکل سکتے بغیر سند کے ۳۳ پھر تم

اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۳۴ يُرْسَلُ

اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے ۳۴ تم پر

عَلَيْكُمَا شُوَاظٌ مِّنْ نَّارٍ ۙ۵ وَّ نُحَاسٌ

چھوڑے جائیں گے آگ کے شعلے اور دھواں

فَلَا تَنْتَصِرٰنِ ﴿۳۵﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا
تو تم بچاؤ نہ کر سکو گے ﴿۳۵﴾ پھر تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو

تُکَذِّبٰنِ ﴿۳۶﴾ فَاِذَا انْشَقَّتِ السَّمَآءُ
جھٹلاؤ گے ﴿۳۶﴾ پھر جب آسمان پھٹ کر

فَکَانَتْ وَرْدَۃً کَالدِّهَانِ ﴿۳۷﴾ فَبِاَیِّ
کھال کی مانند سرخ ہو جائے گا ﴿۳۷﴾ پھر تم

اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ﴿۳۸﴾ فَیَوْمَئِذٍ
اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے ﴿۳۸﴾ پس اُس دن

لَّا یُسْـَٔلُ عَنْ ذَنْۢبِهٖۤ اِنْسٌ وَّلَا جَآنٌّ ﴿۳۹﴾
کسی انسان یا جن سے اُس کے گناہ کے بارے میں پوچھ نہ ہو گی ﴿۳۹﴾

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ﴿۴۰﴾
پھر تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے ﴿۴۰﴾

لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰی جَبَلٍ
اگر ہم اِس قرآن کو پہاڑ پر اُتارتے

لَّرَاَيۡتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنۡ
تو آپ دیکھتے کہ وہ اللہ کے

خَشۡيَةِ اللّٰهِ ؕ وَ تِلۡكَ الۡاَمۡثَالُ
خوف سے دب جاتا اور پھٹ جاتا، اور یہ مثالیں

نَضۡرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمۡ
ہم لوگوں کے لیے بیان کرتے ہیں؛ تاکہ وہ

يَتَفَكَّرُوۡنَ ﴿۲۱﴾ هُوَ اللّٰهُ الَّذِىۡ لَاۤ اِلٰهَ
سوچیں ﴿۲۱﴾ وہی اللہ ہے جس کے سوا کوئی

اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الۡغَيۡبِ وَالشَّهَادَةِ ۚ هُوَ
معبود نہیں، پوشیدہ اور ظاہر کو جاننے والا، وہ

الرَّحۡمٰنُ الرَّحِيۡمُ ﴿۲۲﴾ هُوَ اللّٰهُ الَّذِىۡ
بڑا مہربان ہے، نہایت رحم والا ہے ﴿۲۲﴾ وہی اللہ ہے

لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلۡمَلِكُ الۡقُدُّوۡسُ
جس کے سوا کوئی معبود نہیں، بادشاہ، سب عیبوں سے پاک،

اَلسَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ

سراسر سلامتی، امن دینے والا، نگہبان، غالب،

الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ

زور آور، عظمت والا، اللہ اُس شرک سے

عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۲۳﴾ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ

پاک ہے جو لوگ کر رہے ہیں ﴿۲۳﴾ وہی اللہ ہے پیدا کرنے والا،

الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ

وجود میں لانے والا، صورت بنانے والا، اُسی کے لیے ہیں سارے

الْحُسْنٰى ؕ يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ

اچھے نام، ہر چیز جو آسمانوں

وَ الْاَرْضِ ۚ وَ هُوَ الْعَزِيْزُ

اور زمین میں ہے اُسی کی تسبیح کر رہی ہے، اور وہ زبردست ہے،

الْحَكِيْمُ ﴿۲۴﴾ ع

حکمت والا ہے ﴿۲۴﴾

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے ○

قُلۡ اُوۡحِیَ اِلَیَّ اَنَّہُ اسۡتَمَعَ نَفَرٌ

کہہ دیجیے کہ مجھے وحی کی گئی ہے کہ جنات کی ایک جماعت نے

مِّنَ الۡجِنِّ فَقَالُوۡۤا اِنَّا سَمِعۡنَا

غور سے قرآن سنا تو انہوں نے کہا کہ ہم نے

قُرۡاٰنًا عَجَبًا ۙ﴿۱﴾ یَّہۡدِیۡۤ اِلَی

ایک عجیب قرآن سنا ہے ﴿۱﴾ جو ہدایت کی راہ

الرُّشۡدِ فَاٰمَنَّا بِہٖ ؕ وَلَنۡ نُّشۡرِکَ

بتاتا ہے تو ہم اُس پر ایمان لائے، اور ہم اپنے رب کے ساتھ کسی کو

بِرَبِّنَاۤ اَحَدًا ۙ﴿۲﴾ وَّاَنَّہٗ تَعٰلٰی جَدُّ رَبِّنَا

شریک نہ بنائیں گے ﴿۲﴾ اور یہ کہ ہمارے رب کی شان بہت بلند ہے،

مَا اتَّخَذَ صَاحِبَۃً وَّلَا وَلَدًا ۙ﴿۳﴾ وَّاَنَّہٗ

اُس نے نہ کوئی بیوی بنائی ہے اور نہ اولاد ﴿۳﴾ اور یہ

كَانَ يَقُوْلُ سَفِيْهُنَا عَلَى اللّٰهِ شَطَطًا ۙ﴿۴﴾

کہ ہمارا نادان، اللہ کے بارے میں بہت خلافِ حق باتیں کہتا تھا ﴿۴﴾

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے ﴿﴾

قُلْ يٰۤاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۙ﴿۱﴾ لَاۤ اَعْبُدُ

آپ کہہ دیجیے کہ اے کافرو! ﴿۱﴾ نہ میں عبادت کرتا ہوں اس کی

مَا تَعْبُدُوْنَ ۙ﴿۲﴾ وَلَاۤ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ

جس کی تم عبادت کرتے ہو ﴿۲﴾ اور نہ تم عبادت کرنے والے ہو اس کی

مَاۤ اَعْبُدُ ۚ﴿۳﴾ وَلَاۤ اَنَا عَابِدٌ مَّا

جس کی میں عبادت کرتا ہوں ﴿۳﴾ اور نہ میں عبادت کروں گا (اس کی) جس کی

عَبَدْتُّمْ ۙ﴿۴﴾ وَلَاۤ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَاۤ

تم عبادت کرتے ہو ﴿۴﴾ اور نہ تم اس کی عبادت کرنے والے ہو جس کی میں

اَعْبُدُ ؕ﴿۵﴾ لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ﴿۶﴾ؑ

عبادت کر رہا ہوں ﴿۵﴾ تمہارے لیے تمہارا دین ہے اور میرے لیے میرا دین ﴿۶﴾

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے ○

اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَ الْفَتْحُ ۙ ①

(اے پیارے نبی) جب اللہ کی مدد اور فتح آ جائے گی ①

وَرَاَيْتَ النَّاسَ يَدْخُلُوْنَ فِيْ دِيْنِ

اور آپ لوگوں کو دیکھیں گے کہ وہ اللہ کے دین میں

اللّٰهِ اَفْوَاجًا ۙ ② فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ

گروہ در گروہ داخل ہو رہے ہیں ② تو آپ اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح کیجیے

وَاسْتَغْفِرْهُ ؕ اِنَّهٗ كَانَ تَوَّابًا ③ ع

اور اُس سے بخشش مانگیے، بے شک وہ بڑا توبہ قبول کرنے والا ہے ③

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے ○

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ ① اَللّٰهُ

کہہ دیجیے کہ وہ ذات پاک ہے جس کا نام اللہ ہے، ایک ہے ① وہ معبود

الصَّمَدُ ﴿٢﴾ ۚ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُولَدْ ۙ ﴿٣﴾

برحق بے نیاز ہے ﴿٢﴾ نہ کسی کا باپ ہے اور نہ کسی کا بیٹا ﴿٣﴾

وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ﴿٤﴾ ع

اور نہ اس کے برابر کا کوئی ہے ﴿٤﴾

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے ○

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۙ ﴿١﴾ مِنْ شَرِّ

کہہ دیجیے کہ میں صبح کے مالک کی پناہ مانگتا ہوں ﴿١﴾ اس کی

مَا خَلَقَ ۙ ﴿٢﴾ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا

مخلوق کے شر سے ﴿٢﴾ اور اندھیری رات کے شر سے جب

وَقَبَ ۙ ﴿٣﴾ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي

وہ آ جائے ﴿٣﴾ اور گرہوں میں دم کرنے والیوں کے

الْعُقَدِ ۙ ﴿٤﴾ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ﴿٥﴾ ع

شر سے ﴿٤﴾ اور حسد کرنے والے کے شر سے جب وہ حسد کرے ﴿٥﴾

بسم الله الرحمن الرحيم

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے ○

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ ① مَلِكِ

کہہ دیجیے کہ میں پناہ مانگتا ہوں لوگوں کے رب کی ① لوگوں

النَّاسِ ۙ ② اِلٰهِ النَّاسِ ۙ ③ مِنْ شَرِّ

کے بادشاہ کی ② لوگوں کے معبود کی ③ اس کے شر سے

الْوَسْوَاسِ ۙ۬ الْخَنَّاسِ ۙ ④ الَّذِیْ

جو وسوسہ ڈالے (اور) چھپ جائے ④ جو

یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۙ ⑤

لوگوں کے دلوں میں وسوسہ ڈالتا ہے ⑤

مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۧ ⑥

جنات میں سے اور انسان میں سے ⑥

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے ○

الحمد للہ ”منزل“ اور منزل کے ترجمے پر
مسجد نبوی (علیٰ صاحبہ الف الف صلاۃ وتحیۃ) میں
مدینہ منورہ کے قیام
(جنوری ۲۰۱۹ سنہء، مطابق جمادی الاخریٰ ۱۴۴۰ سنہ ھ)
کے دوران نظر ڈالی گئی ہے۔

اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے قبول فرمائے۔
آمین، الحمد للہ رب العالمین۔